اس کتاب کی سب سے بڑی خصوصیت یہ ہے کہ اسکو حضرت محمد مصطفےٰ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم نے مقبول فرمایا ہے

صفحہ ۲۹ پر ملاحظہ فرمائیں

تذکرۂ مشائخِ چشتیہ صابریہ

اِقتباسُ الانوار

زمانۂ تالیف سنہ ۱۱۳۰ھ

تالیف

حضرت شیخ محمد اکرم قدوسی رحمۃ اللہ تعالیٰ

ترجمہ

مولانا الحاج کپتان واحد بخش سیال چشتی صابری

کتاب ہذا کے متعلق بشارت نبویؐ صفحہ ۲۹ پر ملاحظہ فرمائیں

تذکرہ مشائخِ چشتیہ صابریہ

اِقتباس الانوار

زمانۂ تالیف سنہ ۱۱۳۰ھ

تالیف

حضرت شیخ محمدؐ اکرم قدوسی رحمۃ اللہ تعالیٰ

ترجمہ

مولانا الحاج کپتان واحد بخش سیال چشتی صابری

نام کتاب .... اقتباس الانوار

مترجم .... مولانا الحاج کپتان واحد بخش سیال چشتی

.... اللہ آباد ضلع رحیم یار خان۔ فون نمبر ۸۷

اشاعت .... محرم الحرام ۱۴۱۴ھ - ۱۹۹۳ء

تعداد .... پانچ صد (۵۰۰)

طباعت .... حامد جمیل پرنٹرز ریٹی گن روڈ لاہور

ناشر .... ضیاء القرآن پبلی کیشنز گنج بخش روڈ لاہور

حضرت خواجہ ابو اسحاق شامی چشتی قدس سرہٗ

آں بندہ جمال رب ارنی، مجرد از اوقات ما ومنی، گم گشتہ در حضور معبود، وارستہ از تقیدات، بحر شریعت و طریقت را کشتی قطب اوتاد حضرت ابو اسحاق چشتی قدس سرہٗ اپنے وقت کے اکابر مشائخ اور رئیس اولیاء تھے۔ کشف وکرامات میں آپ آیات الہیٰ میں سے ایک آیت تھے۔ آپ کی صحبت اکثر رجال الغیب کے ساتھ رہتی تھی۔ آپ کا لقب شریف الدین ہے۔ آپ حضرت خواجہ ممشاد علو دینوری قدس سرہٗ کے مرید وخلیفہ تھے۔ لطائف اشرفی سه میں لکھا ہے کہ آپ حق تعالےٰ کے غیبی حکم سے ملک شام سے بغداد جاکر حضرت خواجہ علو دینوری کی خدمت میں حاضر ہوئے اور مرید ہوئے۔ حضرت شیخ نے دریافت کیا کہ تمہارا کیا نام ہے عرض کیا کہ ابو اسحاق شامی

سلسلہ چشتیہ کی وجہ تسمیہ

فرمایا آج سے تم ابو اسحاق چشتی کہلاؤ گے اور چشت کی خلقت تم سے ہدایت حاصل کرے گی اور جو شخص تمہارا مرید ہوگا اسے بھی قیامت تک چشتی کہا جائے گا۔ چنانچہ تربیت کے بعد حضرت ابو اسحاق چشتی کو حضرت اقدس نے خلافت دے کر چشت کیطرف روانہ کیا۔ اسی دن سے خواجگان چشت وجود میں آئے۔ ان کے سر حلقہ پنجتن یعنی پانچ بزرگ ہیں حضرت ابو اسحاق چشتی، خواجہ ابو احمد چشتی، خواجہ ابو محمد چشتی، خواجہ ناصر الملۃ والدین ابو یوسف چشتی اور خواجہ قطب الدین مودود چشتی قدس اسرارھم۔ یہ پانچ حضرات چشت میں رہتے تھے۔ اسی طرح ان کے خلفاء بھی ملک ہندوستان میں پنج تن ہیں، حضرت خواجہ معین الدین چشتی، حضرت خواجہ قطب الدین بختیار چشتی،

سه مجموعہ ملفوظات اشرف جہانگیر سمنانیؒ جو دو واسطوں سے حضرت خواجہ نظام الدین اولیا قدس سرہٗ کے مرید تھے۔ غوث وقت تھے۔ آپکے ذریعے ہندوستان میں اسلام بہت پھیلا ہے۔ آپ حضرت خواجہ علاؤالدین کے مرید وخلیفہ تھے۔ آپ حضرت خواجہ اخی سراج اور آپ سلطان المشائخ حضرت خواجہ نظام الدین اولیاء قدس سرہٗ کے۔